رسیدِ تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں۔ ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کا تذکرہ اور ان کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں سرفہرست کتاب تفسیر ام القرآن ہے۔یہ کتاب ڈاکٹر غلام زرقانی صاحب نے شائع کی ہے اور سورۃ فاتحہ کی وہ تفسیر ہے جو ان کے والد گرامی علامہ ارشد القادری نے اپنے مجلّہ جام نور میں قسط وار شائع کی تھی۔اس کی کچھ اقساط باقی تھیں جنہیں زرقانی صاحب نے مکمل کرکے کتابی صورت میں شائع کردیا ہے۔ہمیں موصول ہونے والی کتاب مکتبہ انوارالاسلام چشتیاں کی شائع کردہ ہے......۱۷۳ صفحات کی اس کتاب کے اہم مباحث میں حمد،عقیدہ آخرت،اعترافِ بندگی،دعا،فقہی مسائل شامل ہیں......جناب محمد عبداللہ چشتی صاحب اکثر کرم فرماتے رہتے ہیں اور کوئی نہ کوئی علمی تحفہ ارسال فرماتے رہتے ہیں......یہ کتاب بھی انہی کا عنایت کردہ تحفہ ہے۔کتاب کا ہدیہ ۱۵۰ روپے درج ہے اور یہ حسب ذیل پتہ سے طلب کی جاسکتی ہے۔مکتبہ انوارالاسلام دربار چوک پرانی چشتیاں تحصیل چشتیاں ضلع بہاولپور۔

دوسرا تحفہ مفتی شعیب عالم صاحب کا عنایت فرمودہ ہے۔اور یہ ہے......الفاظِ طلاق کے اصول......جس میں الفاظ طلاق سے متعلق اصولوں کی تفہیم وتشریح بیان کی گئی ہے۔یہ کتاب دراصل ان مضامین کا مجموعہ ہے جو قسط وار ماہ نامہ بینات کراچی میں شائع ہوچکے ہیں......کتاب کا مقصود اصلی ان کنایات کی مشکلات کا بیان ہے جو طلاق میں استعمال ہوتے ہیں،اور حقیقت یہ ہے کہ کنایات کا فہم فی نفسہ مشکل کام ہے،کیوں کہ اس کا مدار زبان اور محاورے پر ہے اور زبان پر گرفت ایک مدت بعد حاصل ہوتی ہے۔اور محاورے کا فہم بھی آتے آتے آتا ہے۔علاوہ ازیں کنایات میں قرائن کو بھی زیرِغور لانا پڑتا ہے اور حسی ومعنوی شواہد پر بھی نظر رکھنا ہوتی ہے......

کتاب میں مولف نے حسب ذیل امور کی کوشش کی ہے۔

صریح وکنایہ کی مکمل تفصیل کے علاوہ ان کے ایک دوسرے کے موقع پر استعمال کی نشان دہی۔

قرائن ودلالت حال کے سلبی اثرات کی وضاحت

متعلقہ فقہی مباحث کو مختلف صورتوں اور فوائد کی روشنی میں سمجھانے کی کوشش

قضا ودیانت کے اثرات اور نتیجتاً حکم کا فرق ظاہر کرنے کی کوشش

زیر بحث لائے گئے مسائل کو صریح وتائیدی حوالہ جات سے آراستہ کرنے کی کوشش

اخذ ومراجعت میں ٹھوس دلائل، مضبوط اخذ، اور اکابر کے محاکمات وآرا کی روشنی میں موضوع کی تفہیم کی کوشش کی گئی ہے۔

کتاب ۱۷۶ اصفحات پر مشتمل ہے اور عمدہ کاغذ ومعیاری جلد خوبصورت سرورق کے ساتھ ۲۰۱۶ میں مکتبہ السنان کراچی سے شائع ہوئی ہے، اور اس کا ہدیہ درج نہیں۔ ممکن ہے کہ صاحبِ کتاب اسے ہدیۃً ہی تقسیم فرمانا چاہتے ہوں۔

رابطہ کے لئے دارالافتاء جامعہ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی فون نمبر 0321-242462

ایک اور کتاب مفتی محمد رفیق الحسنی صاحب کی حیات الرفیق العاصی ہے، جس میں مفتی صاحب کے اپنے مرتب کردہ اپنی زندگی کے بعض کوائف وحالات ہیں...... اکثر واقعات روحانی اور حیرت انگیز ہیں، جن خاص لوگوں سے مفتی صاحب کی ملاقات ہوئی ان کے بارے میں بڑی مفید اور دلچسپ معلومات ہیں...... جامعۃ اسلامیہ مدینۃ العلوم گلستان جوہر بلاک ۱۵ کراچی سے یہ کتاب دستیاب ہے۔

ایک اور تحفہ ہمارے ایک قدیم کرم فرما حضرت علامہ مفتی قاضی حسن رضا صاحب کی کتاب......خلاصہ قرآن......کا ہے، جس میں آپ نے قرآن کریم کی منزلیں مقرر کرتے ہوئے آسان زبان میں خلاصہ آیات بیان کیا ہے تراویح کی نماز میں تلاوت کی سماعت کے بعد لوگوں کو عموماً اشتیاق ہوتا ہے کہ تلاوت کی گئی آیات کا خلاصہ بیان کیا جائے یہ اس مقصد کے لئے بھی بہت مفید ہے......قاضی صاحب فقہی حوالہ سے مضبوط آدمی ہیں مگر لکھتے نہیں ہیں اگر لکھیں تو بہت کچھ لکھ سکتے ہیں مگر انہیں شاید دیگر علمی مشاغل سے فرصت بالکل نہیں ملتی، ان کا یوکے میں اپنا ادارہ ہے جس کی تعمیر وترقی میں وہ خاصا وقت دیتے ہیں اور تدریس بھی فرماتے ہیں، ہری پور ہزارہ سے ان کا آبائی تعلق ہے، زیر نظر کتاب بھی ہری پور سے انجمن اشاعت العلوم محلہ عیدگاہ سے شائع ہوئی ہے ۱۷۴ صفحات کی اس کتاب کا ہدیہ ۲۵۰ روپے درج ہے اور اسے درج ذیل پتہ سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ مرکزی جامعہ سیفیہ محمدیہ تکیہ کاکول ایبٹ آباد، احمد بک کارپوریشن راولپنڈی۔

☆لا تنتظر شکرا من احد ویکفی ثواب الصمد وما علیك من جحد من جحد وحسد۔☆